سوال

اللہ تعالی کا واسطہ دے کر کسی معمولی چیز کا سوال نہیں کرنا چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ اللہ تعالیٰ کی ذات کے واسطے سے سوال کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں : ''میں تجھ سے اللہ کی ذات کے واسطے سے یہ سوال کرتا ہوں۔ ''تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ کی ذات اس سے کہیں عظیم ہے کہ انسان اس کے واسطے سے دنیا کا کوئی سوال کرے اور اسے حصول مقصود کےلیے وسیلہ بنائے، لہٰذا کسی کو اس طرح سوال نہیں کرنا چاہیے کہ تجھے اللہ کی ذات کا واسطہ یا اللہ کی ذات کے واسطے سے تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 179